رہنمائے صحت از ہاسپٹل اتھارٹی
ابتدائے حمل میں اندام نہانی سے خون بہنا
(بشمول اسقاط حمل کا خطرہ)

(1) ابتدائے حمل میں اندام نہانی سے خون بہنے کی عمومی وجوہات

(اے) اسقاط حمل کا خطرہ

- زیادہ تر حمل کے ابتدائی مرحلے میں ایسا ہوتا ہے، تقریباً 10٪ حمل ایسے ہوتے ہیں جن میں اسقاط حمل کا خطرہ ہوتا ہے۔ پچاس 50٪ سے زائد حاملہ خواتین جن میں اسقاط حمل کے خطرے کی علامات ہوتی ہیں زچگی تک حمل کو جاری رکھ سکتی ہیں:
  - کم مقدار میں اندام نہانی سے خون بہنا، خون جماؤ یا بافت بڑھوتری کے بغیر؛
  - کبھی نہیں یا شاذ و نادر پیٹ کا معمولی درد

(بی) اسقاط حمل

- اکثر وجوہات غیر واضح ہیں
- وجوہات میں شامل ہو سکتی ہیں:
  - کونجینٹل ڈس آرڈرز، کوموسومل اور جینیاتی غیر عمومی پن، مہلک میلفورمیشنز
  - کئی حمل
  - یوٹرین کا غیر عمومی پن جیسا کہ کونجینٹل یوٹرین میل فورمیشن اور یوٹرین فبرائڈز۔

(سی) ایکٹوپک حمل

- یوٹرین کیوٹی کے باہر امپلانٹ کردہ ایمبریو
- پیش کردہ عمومی علامات ہیں:
  - اندام نہانی سے خون بہنا
  - پیٹ کے نچلے حصے میں شدید درد
  - اندرونی طور پر خون بہنے کے باعث صدمے کی علامات
- چونکہ جنین بڑھ نہیں سکتا، ایکٹوپک حمل کی حامل اکثر مریض خواتین کو سرجری کے عمل سے گزرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے یا ادویات سے ان کا علاج کیا جاتا ہے۔

(ڈی) کرویکل ویجینل بیماریاں

- جیسا کہ کرویکل ایروژن، کرویکل یا ویجینل چوٹ، انفیکشن یا میلیگنینسی۔

(2) اسقاط حمل کے خطرے کے پیش نظر دیکھ بھال کے مشورے

- ماں کو یوں کرنا چاہیے:
  - مناسب آرام کرے
  - چوٹوں، سخت مشقتی ورزش، تھکاوٹ سے بچے
  - جنسی عمل سے عارضی طور پر پرہیز کرے
  - فی الوقت، ادویات کا اسقاط حمل کے خطرے کی دوچار اکثر خواتین میں ابتدائے حمل کی علامات کے حوالے سے کوئی حفاظتی یا تھیراپیٹک اثر نہیں دیکھا گیا ہے۔ دوسری جانب، حمل کے دوران طبی نسخے کے بغیر ادویات لینے سے گریز کرنا چاہیے۔
- اگر ماں کی حالت طبی مشاورت کے بعد مستحکم ہو تو، ہسپتال میں داخلے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور اس کو گھر پر مسلسل نگرانی میں رکھا جا سکتا ہے۔ معالج کے ریفرل خط کے ساتھ اوبسٹیٹرک اور گائناکولوجیکل فالو اپ کو ترتیب دیا جا سکتا ہے۔

- ماں کی حالت کسی بھی وقت بدل سکتی ہے۔ بعض اسقاط حمل کے خطرے بالآخر اسقاط حمل کی طرف لے کر جا سکتے ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی علامت ظاہر ہو تو فوری طور پر طبی معاونت طلب کریں:
  - اندام نہانی سے خون بہنا بڑھ جاتا ہے، بالخصوص خون کا جمنا
  - مسلسل یا شدید پیٹ درد
  - فیٹل ٹشو ماس کا مشتبہ راستہ (اسے پلاسٹک کے بیگ میں ڈالیں اور معائنے کے لیے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں لے کر آئیں)
  - خون کا شدت سے بہنا، بشمول پیلر، ٹھنڈا پسینہ، اختلاج قلب، سانس پھولنا، چکر آنا، وغیرہ کی طرف نشان دہی کرتی ہوئی علامات۔
  - کوئی اور تبدیلی جو کہ تشویش کا باعث بنے

اوپر درج کردہ معلومات صرف حوالے کے لیے ہے۔ کسی بھی شبہ کی صورت میں، براہ مہربانی ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے معاونت طلب کریں۔

تیار کردہ از رابطہ کمیٹی برائے ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی
ہسپتال اتھارٹی
مئی 2018